زَادُ الْخَطِیْبِ وَالْوَاعِظِ

فِی الْجُمُعَةِ وَالْمُنَاسَبَاتِ الدِّیْنِیَّةِ

خطباتِ جمعہ وعیدین

مع

مختصر مسائل جمعہ

جو جمعہ وعیدین کے خطبات (جو طلبۂ عربیت کے لئے عربی انجمن میں تقاریر کا کام بھی دے سکتے ہیں) نیز خطبۂ نکاح، دعاء قربانی وعقیقہ، جامع دعاء نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام، خطبۂ استسقاء اور اسم اعظم وغیرہ پر مشتمل ہے۔

﴿از﴾

مولانا محمد ادریس پٹیل فلاحی ورٹھی

ناشر۔ ادارہ فیض دارین ورٹھی، وایا کیم، ضلع سورت، گجرات، انڈیا

فون: 233262-2623-91+   موبائل: 9879241564-91+

نام کتاب: زاد الخطیب والواعظ فی الجمعۃ والمناسبات الدینیۃ

مؤلف: محمد ادریس پٹیل فلاحی ورٹھی

نظر ثانی: (۱) مولانا اقبال صاحب دیولوی فلاحی ندوی مدنی دامت برکاتہم (استاذ فلاح دارین ترکیسر)

(۲) مولانا ناظر حسین صاحب ہتھوڑوی دامت برکاتہم (استاذ فلاح دارین ترکیسر)

صفحات: ۲۱۶

قیمت: ۵۰/روپیہ

طباعتِ اولیٰ: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ مطابق جون ۲۰۰۶ء

طباعتِ ثانیہ: جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰ھ مطابق مئی ۲۰۰۹ء

تعداد: ایک ہزار

ناشر: ادارہ فیض دارین ورٹھی، ضلع سورت (گجرات)

ملنے کا پتہ: ادارہ فیض دارین ورٹھی، وایا کیم، ضلع سورت (گجرات) ۳۹۴۱۱۰

فون: 233262 - 02623   موبائل: 9879241564

☆☆☆

مقاصد: (۱) مختلف زبانوں میں دینی کتابوں کی تالیف وتصنیف اور اُنکی نشر واشاعت

(۲) غریب علاقوں میں مکاتیب ومدارس دینیہ کا قیام اور اُن کا تعاون

(۳) دینی رسائل اور پمفلٹ چھاپ کر اور بیانات کے ذریعے مسلمانوں تک صحیح دین پہنچانا

(۴) غریب طلباء اور غریب مسلمانوں کا تعاون

فہرست مضامین

نمبر	مضامین	صفحہ
۱	تقریظ۔حضرت مولانا ذوالفقار احمد صاحب دامت برکاتہم	۸
۲	تقریظ۔حضرت مولانا اقبال صاحب دیولوی دامت برکاتہم	۱۱
۳	پیش لفظ۔از مؤلف کتاب ہٰذا	۱۲
	مختصر مسائل نماز جمعہ	
۴	جمعہ کی وجہ تسمیہ	۱۹
۵	فضائل یوم جمعہ	۲۰
۶	جمعہ کے سنن وآداب	۲۲
۷	جمعہ کی نماز چھوڑنے پر وعید	۲۴
۸	نماز جمعہ کا حکم	۲۴
۹	نماز جمعہ کے فرض ہونے کے شرائط	۲۵
۱۰	نماز جمعہ کے صحیح ہونے کے شرائط	۲۵
۱۱	عورت کے لئے نماز جمعہ	۲۶
۱۲	گاؤں میں نماز جمعہ	۲۶
۱۳	خطبہ	۲۹

نمبر	مضامین	صفحہ
۱۴	خطبہ کے فرائض	۲۹
۱۵	خطبہ کی سنتیں اور مستحبات	۳۰
۱۶	خطبہ کے بعض ممنوعات ومکروہات	۳۳
۱۷	خطبۂ جمعہ عربی زبان میں	۳۶
	خطبات	
۱	التوبة (۱)	۳۷
۲	التوبة (۲)	۴۰
۳	فی فضائل القرآن الکریم	۴۳
۴	اعجاز القرآن الکریم	۴۶
۵	حب النبی ﷺ	۴۹
۶	اتباع النبی ﷺ	۵۲
۷	أسوة الرسول اللّٰہ ﷺ واثر التأسی علی الامة	۵۴
۸	ذکر کیفیة موت رسول اللّٰہ ﷺ	۵۷
۹	فضل العلماء	۶۱
۱۰	التعلیم والتربیة	۶۴
۱۱	المسلم الحقیقی	۶۷
۱۲	جوامع الکلم	۶۹

۱۳	احتساب النفس	۷۲
۱۴	الوصية والموعظة	۷۴
۱۵	الموعظة والنصيحة	۷۷
۱۶	صفات الزوجة الصالحة	۷۹
۱۷	حقوق الاولاد	۸۲
۱۸	معاملة المومن مع غيره	۸۵
۱۹	المعركة بين الحق والباطل (۱)	۸۸
۲۰	المعركة بين الحق والباطل (۲)	۹۱
۲۱	فضائل حسن الكلام والاحتراز عن اللغو	۹۴
۲۲	حفظ اللسان (۱)	۹۷
۲۳	حفظ اللسان (۲)	۱۰۰
۲۴	ان الدنيا دار نفاد	۱۰۳
۲۵	ان اللّٰه لا يمنع من الدنيا شَيْئًا اِلَّا لِحكمَةٍ	۱۰۶
۲۶	يَوْمَ الْقِيَامَة	۱۰۹
۲۷	الجنة ونعيمها	۱۱۱
۲۸	نعيم الجنة وعذاب الجحيم	۱۱۴
۲۹	صفة جهنم	۱۱۶

۳۰	فضائل النكاح	۱۱۹
۳۱	الاشهر الحرم	۱۲۳
۳۲	تعظيم الاشهر الحرم فى الاسلام	۱۲۸
۳۳	حرمة الاشهر الحرم	۱۳۱
۳۴	خطبة المحرم الحرام	۱۳۵
۳۵	خطبة شهر رجب	۱۳۸
۳۶	خطبة شهر رمضان لأول الجمعة	۱۴۱
۳۷	الخطبة بعد نصف رمضان	۱۴۵
۳۸	خطبة شهر رمضان	۱۴۸
۳۹	ماذا ينبغى ان يفعل بعد رمضان	۱۵۲
۴۰	خطبة شهر ذى القعدة	۱۵۵
۴۱	وقفات الحج	۱۵۷
۴۲	خطبة رسول اللّٰه ﷺ فى حجة الوداع	۱۶۰
۴۳	خطبة شهر ذى الحجة فى العشر الاول	۱۶۵
۴۴	خطبة شهر ذى الحجة فى العشر الاول مع ايام التشريق	۱۶۸
۴۵	الخطبة الثانية (۱)	۱۷۱
۴۶	الخطبة الثانية (۲)	۱۷۴

☆	خطبۂ عیدین کے مسائل	۱۷۷
۴۷	خطبة عيد الفطر	۱۷۹
۴۸	خطبة عيد الاضحى	۱۸۵
۴۹	خطبة العيد الثانية	۱۹۱
۵۰	خطبة النكاح	۱۹۷
☆	نماز استقاء	۱۹۹
۵۱	خطبة الاستسقاء	۲۰۰
☆	آیات شفاء	۲۰۳
☆	عقیقہ کی دعا	۲۰۴
☆	قربانی کی دعا	۲۰۵
☆	استخارہ کی دعا	۲۰۶
☆	جامع دعاء نبوی علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام	۲۰۸
☆	قنوت نازلہ	۲۰۹
☆	صلوٰۃ الحاجات	۲۱۱
☆	نماز کسوف	۲۱۲
☆	درود تنجینا	۲۱۳
☆	اسمِ اعظم	۲۱۴

تقریظ۔حضرت مولانا ذوالفقار احمد صاحب دامت برکاتہم

شیخ الحدیث فلاح دارین ترکیسر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام ایک دعوتی مذہب ہے اسکی عبادت کی فرضیت اورترتیب ہی اس طرح تشکیل دی گئی ہے جس میں اسکی تعلیمات اور دعوت کے مواقع موجود ہیں چنانچہ پنج وقتی نماز کی جماعت اوراذان کی مشروعیت اسی مقصد دعوت وتعلیم کا ذریعہ ہے جب پانچ مرتبہ مسلمان نماز کے لئے اذان کے ذریعہ دعوت پر مسجد میں حاضری دے گا تو جہاں اس کو محلّہ کے لوگوں سے ملاقات ان کے احوال سے واقفیت، انکی دینی اوردنیوی ضروریات کا احساس ہوگا وہیں وہاں کے پروگراموں اور اسلام کے احکامات اورہدایات اورآداب سننے کے مواقع نصیب ہوں گے، امام کے ذریعہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی ہدایت ملے گی۔ پھر اس پنج وقتی جماعت کے علاوہ ایک ہفت روزہ نماز جس کو جمعہ کی نماز کہا جاتا ہے فرض کی گئی ہے جو مختلف مساجد کی اس دن کی ظہر کی نماز کو روک کر جامع مسجد میں اجتماعی طور پر تمام محلّہ والے ایک جگہ ادا کرتے ہیں اس نماز کے شرائط میں سے ایک شرط خطبہ کی بھی ہے جو جمعہ کی نماز سے پہلے منبر پر دو خطبوں کی شکل میں امام کے ذریعہ دیئے جاتے ہیں اوراس کو شروع کرنے اورتوجہ سے سننے کے لئے خطیب کے خطبے سے پہلے اس کے سامنے کھڑے ہوکر ایک اذان دی جاتی ہے اس کے بعد خطیب خطبہ دیتا ہے جس میں اس وقت

اورموجودہ حالات کے تحت لوگوں کوہدایات اوراسلامی احکامات واعمال کوبیان کیا جاتا ہے اوراسلامی سابقہ بلند شخصیات جوانسان کے لئے نمونہ اورمعیار ہیں انکے اوصاف وکارنامے اوران کےتقوی ومقام کوذکرکیاجاتا ہے، نیز انکے بارے میں اپنے دل صاف رکھنے اورانکی اتباع وتقلید کاعہدلیاجاتا ہے،نیز جمعہ کے خطبہ کے ذریعہ مسلم قوم کوہر ہفتے اسلام کے احکامات اورعبادات، اخلاق معاشرت،معیشت کے باب میں جو ہدایات سننے کاموقع ملتا ہے یہ ایسی خصوصیت ہے جواسلام کے ماننے والوں کے لئے اسلام کی معلومات حاصل کرنے کابہت قوی اورآسان اور ہفت روزہ پروگرام کے تحت بلاناغہ پابندی کے ساتھ اسمیں شرکت کرنے اوربطورفرض کے اسکی ادائیگی ضروری قراردی گئی ہے جن مذاھب میں ایساکوئی اجتماعی پروگرام مذہبی ہدایات کے سننے کانہیں ہے انکے عوام اپنے مذھب کی بنیادی تعلیم تک سے ناواقف ہیں جیسے پارسی وغیرہ مذھب کے ماننے والوں کاحال ہے، اس فلسفہ کے ذریعہ خطبات جمعہ وعیدین کی جواہمیت واضح ہوتی ہے اسکاانکارنہیں کیاجاسکتا۔

جمعہ وعیدین کےخطبات میں کیابیان کیاجائے؟ تو بعض مہینے یابعض اوقات اپنی مخصوص عبادت واعمال کی وجہ سے ایسے ہیں کہ ان ایام کے مجمعوں میں ان عبادت واعمال سے لوگوں کوواقف کرناضروری ہوتا ہے انکے فضائل اہمیت اوراحکام بیان کرنے ہوتے ہیں اورباقی خطبات میں اخلاق وآداب،حسن خلق کو بیان کیاجاتا ہے اصلاحی

گفتگوکی جاتی ہے نہی عن المنکر کیاجاتا ہے یا کبھی کسی وقتی مسئلہ پر گفتگوکی جاتی ہے پھر چونکہ یہ عبادت من جانب اللہ ایک فریضہ ہے اور اللہ کی طرف سے بلایاہواا جلاس ہے اورآسمانی زبان عربی ہے اسلئے جمعہ کے خطبے کاعربی میں ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے غیرعربی میں خطبہ مکروہ تحریمی سمجھا گیا ہے اگر اسکے مضامین لوگ نہیں سمجھتے تو نماز کے بعد اس کا ترجمہ کیاجاسکتا ہے، یا خطبہ سے پہلے جو بیان کارواج ہے اگر وہ بیان خود خطیب کررہا ہے تو وہ خود ہی اس بیان میں اپنے عربی خطبے کے مضامین کوعلاقائی اور مقامی زبان میں بیان کردے۔ بہرحال اس ضرورت کے تحت جمعہ وعیدین وغیرہ کے سینکڑوں مجموعے چھپے ہوئے ہیں، انہیں میں سے ایک مجموعہ ایک نوجوان فلاحی فاضل عزیزم محمد ادریس سلمہٗ ورتھی کا یہ مجموعہ ہےجسمیں پوری کوشش کے ذریعہ آسان عربی میں ضروری اوراہم مضامین کواحادیث اور روایات سے مدلل کرکے بیان کیا گیا ہے، خطباءحضرات کے لئے یہ ایک نادرتحفہ ہے، اس سے استفادہ کریں، اللہ تعالیٰ مرتب کو امت کی طرف سے جزائے خیر عطافرمائیں۔(آمین)

(حضرت مولانا سید) ذوالفقار احمدصاحب دامت برکاتهم

تقریظ۔حضرت مولانا اقبال صاحب دامت برکاتہم

استاذ الحدیث فلاح دارین ترکیسر

الحمد لله رب العلمين الذى أنزل القرآن الكريم هدى ورحمة للمتقين والصلٰوة والسلام على سيدالمرسلين وخاتم النبيين الذى اُعطِىَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ وصلى الله على آله وصحبه أجمعين۔

وَبَعْدُ، فإنّه من المعلوم لدى الجميع أنّ يوم الجمعة سيد الأيام وعيد الأسبوع، وقد ذكر فى القرآن والأحاديث النبوية بمزيد الفضل وخصوص العناية، وكفى به شرفا أنّ سورة من سور القرآن سميت باسمه، وهى سورة الجمعة، وقد دعا الله عز و جل عباده فيها الى ذكره قائلا [يٰايّها الذين اٰمنوا اذا نودى للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر اللّٰه] والمراد بالذكر صلٰوة الجمعة وما يلقى قبلها من

خطبة، وانّ هذه الخطبة قد عدّها الائمة من شرائط صحّة أداء صلٰوة الجمعة، وأوجبوا الاستماع اليها بناءً على قوله سبحانهٗ وتعالىٰ [يٰأيّها الذين اٰمنوا اذا نودى للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا إلى ذكر اللّٰه] علما بأنه قد ثبت نزولها فى شأن الخطبة وما يتلى فيها من الآيات القرآنية :

وأيضا لِمَ أنّ النّاس يجتمعون يوم الجمعة لأداء صلاتها فى الجامع او أوسع مساجد القرية بعدد كبير فكان من مقتضى العقل أن توجه هذه الجماهير الغفيرة إلى تعاليم دينهم ويذكّروا بما يجب عليهم من حقوق الإله والعباد وما ينبغى لهم من الأعمال فى مختلف الأحوال والمناسبات مع ذكر فضائلها والزواجر على تركها۔

وَمِنْ ثَمّ اِنّ خطبة الجمعة والعيدين والنكاح لم يزل لها تأثير فى تنبيه الغافلين والعود بالفسّاق والفجّار إلى

حظيرة الدين والاستظلال بظلال الشريعة وفى بقاء المجتمع الإسلامى على دعائم الخير والبرّ والتقوى والنصح والنصيحة، كما كان لها أثر بليغ ودور بارز أكيد فى إزالة المنكرات والبدع والرسوم الفاسدة عن حياة المسلمين، ولا يزال لها هذا الوقع العظيم فى إرشاد الحيارى إِلى برّ الأمان والصّلاح، ولا شك أنّ الظروف الحالكة والأوضاع الراهنة الحرجة المحدقة بالأمة الإسلامية، وما ابتلى بها فى آخر الزمان من اِنهيار فى الأخلاق وتراجع عن التمسك بأحكام الشريعة، اِن هذا الوضع المُؤْسِف يتطلّب من خطباء المساجد ودعاة الإصلاح أن يتّخذوا من خطبة الجمعة وسيلة ناجعة فى إرشاد المسلمين فى ضوء القرآن والسنة الى ما ينبغى لهم أن يفعلوه فى مقاومة هذه الأوضاع وإصلاح ما أفسدته المادية المطغية الجارفة والغفلة والبعد عن الدين من

أحوالها وصفاتها وأعمالها المطلوبة۔

ومن دواعى السرور وبواعث الغبطة أنّ أخانا فى الدين فضيلة الأستاذ محمد اِدريس بن أحمد البتيل الفلاحى الوريتى قد وفّقه اللّٰه تبارك وتعالى للمبادرة الى تأليف مجموعة غالية قيّمة للخطب باللغة العربية الفصحى التى تشتمل على تعليم إسلامية نيّرة ومواعظ دينية مؤثرة المزدانة بالآيات الكريمة والأحاديث النبوية والنصوص الشرعية وفيها من التوجيهات السامية والكلمات المناسبة اللائقة بمناسبات إسلامية من الجمعة والعيدين وعاشوراء وعناوين وموضوعات اِسلامية اخرى۔

وقد وفّقنى اللّٰه سبحانه وتعالىٰ لأن أتصفّح هذه المجموعة صفحة صفحة بل أقرأها كلمة كلمة وبذلت جهدى فى تصحيح الأخطاء اللغوية۔

والخطب كلّها مع تنوّعها واحتوائها على عديد من العناوين والمضامين الدينية تشتمل على آيات وأحاديث تتعلق بعناوينها فهى جديدة كل الجدارة ان تلقى يوم الجمعة كخطبة الجمعة ويستفيد منها الواعظ فى وعظه فى مناسبات وحفلات دينية وأدعوا الله عز و جلّ أن يكتب لهذه المجموعة القبول وَيَنْفَعَ بها المسلمين كما نفعهم بكتب المؤلّف الأخرى من كتاب الأزواج المطهرات والبنات الطاهرات وحياة الصالحات والصحابيات والاربعين فى فضائل الحرمين وأحكام الجمعه وغيرها۔

ويجعلها ويجعل جهوده ومساعيه وخدماته الإسلامية الأخرى صدقة جارية له ولوالديه ولأساتذته، آمين يا رب العالمين

محمد اقبال الفلاحى الندوى

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ نے بعض چیزوں کو بعض پر فضیلت عطا کی ہے۔ بعض رسولوں کو بعض رسولوں پر، بعض کتابوں کو بعض کتابوں پر، بعض انسانوں کو دوسرے انسانوں پر، بعض جگہوں کو دوسری جگہوں پر، بعض زماں کو دوسرے زمانوں پر، بعض مہینوں کو دوسرے مہینوں پر، بعض ایام کو دوسرے ایام پر، بعض اوقات کو دوسرے اوقات پر، مثلاً مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ کو زمین کے دوسرے حصوں پر فضیلت حاصل ہے، رمضان المبارک کو دیگر مہینوں پر فضیلت حاصل ہے، اسی طرح ہفتہ میں ایک دن جمعہ کو ہفتہ کے دوسرے دنوں پر فضیلت حاصل ہے، حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب دنوں سے بزرگ ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی عظمت عید الاضحیٰ اور عید الفطر سے بھی زیادہ ہے۔ (مشکوۃ شریف، ص۱۲۰) دوسری ایک حدیث میں ہے کہ جمعہ کی رات سفید رات ہے اور جمعہ کا دن روشن دن ہے۔ (مشکوۃ شریف، ص۱۲۱)

اسی جمعہ کے دن اس دن کی ظہر کی چار رکعت نماز کے بجائے دو رکعت جمعہ کی نماز باجماعت پڑھی جاتی ہے اور اس نماز کے لئے نماز سے پہلے خطبہ دینا شرط ہے۔ اور وہ خطبہ عربی زبان میں ہونا ضروری ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ اور صحابۂ کرامؓ سے یہ خطبہ عربی زبان ہی میں دینا ثابت ہے، باوجود دوسری زبان پر

قدرت ہونے کے کسی صحابی سے کبھی بھی غیر عربی میں خطبہ دینا ثابت نہیں ہے، چنانچہ عرب کے ائمہ حضرات تو عربی زبان پر قدرت رکھنے کی وجہ سے بذاتِ خود خطبہ تیار کر کے پڑھتے ہیں اور ہمارے ملکوں میں عربی زبان پر اتنی قدرت نہیں ہوتی ہے کہ خود خطبہ تیار کر سکے، یا بعض حضرات کو خطبہ تیار کرنے کی قدرت ہو تب بھی پورے سال ہر جمعہ کو خطبہ تیار کرنا غیر عربی امام کیلئے تکلیف وتکلف سے خالی نہیں ہے، اس لئے برصغیر کے ہمارے علماء نے آسان عربی زبان میں خطبوں کے بعض مجموعے تیار کئے ہیں جن سے خطبہ دینے میں ائمہ حضرات کو آسانی ہو جاتی ہے۔

چنانچہ زامبیا کی تدریسی خدمات کے درمیان اطراف اور دیگر ممالک کے بعض دوستوں نے جمعہ کے خطبوں کا ایک مجموعہ تیار کرنے کی درخواست کی، جس پر آج سے تقریباً پانچ سال پہلے بندہ نے اس کی بسم اللہ تو کر دی تھی مگر تدریسی و دیگر مشغولیات کی وجہ سے زیادہ کام نہ ہو سکا، بلکہ نہایت سست پڑ گیا، پھر گذشتہ دو سالوں کے درمیان اس کی طرف توجہ وتوفیقِ خداوندی سے آہستہ آہستہ کام چلتا رہا اور مسودہ تیار ہو جانے پر استاذِ محترم حضرت مولانا اقبال صاحب دیولوی دامت برکاتہم کی خدمت میں نظرِ ثانی کے لئے پیش کیا تو مولانا نے پورے مجموعہ پر نظر ڈال کر اصلاح فرما کر ممنون فرمایا، اور کمپوزنگ ہو جانے کے بعد رفیقِ محترم مولانا ناظر حسین ہتھوڑوی صاحب نے بھی نظرِ ثانی فرما کر ممنون فرما کر حسنِ رفاقت کا

ثبوت پیش کیا، اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

اللہ تعالیٰ جمعہ کے خطبات کے اس مجموعہ کو اور اس کے لئے کی گئی طویل محنت کو قبول فرمائے اور میرے لئے، میرے والدین اور میرے اساتذہ کے لئے اور ان سب اعزاء واقارب کے لئے جنہوں نے علمِ دین کی وجہ سے بندہ سے محبت رکھی ہے اور بندہ کے لئے علمِ دین میں ترقی کے خواہاں ومعین رہے ہیں ان سب کے لئے صدقۂ جاریہ اور نجات کا ذریعہ بنائے، آمین۔ وما ذلك على الله بعزيز۔

خطباء حضرات جو اس مجموعہ سے استفادہ کریں ان سے بھی بندہ اپنے لئے دعا کا طالب ہے۔

محمد ادریس پٹیل فلاحی ورٹھی

بروز بدھ، ۲۳ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ

مختصر مسائل نماز جمعہ

مرتبہ: ازمؤلف

جمعہ کی وجہ تسمیہ

لفظ ''جمعہ'' جو ہفتہ کے ایک دن کا نام ہے، فصیح زبان ولغت کے اعتبار سے جیم اور میم دونوں کے پیش کے ساتھ ہے، لیکن جیم کے پیش اور میم کے سکون کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔ (مظاہر حق جدید، ج:۲، ص:۲۳۴)

جمعہ میں میم کا پیش مشہور ہے اور سکون بھی جائز ہے۔ بعض نے زبر بھی جائز کہا ہے اور بعض نے زیر بھی۔

ابن حزم وغیرہ کہتے ہیں کہ جمعہ اسلامی نام ہے۔ اس سے پہلے ''عروبہ'' نام تھا۔ لیکن ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اسلام سے پہلے ہی اس کا نام جمعہ ہو چکا تھا، کعب بن لوی اس دن میں لوگوں کو جمع کر کے حرم کی تعظیم وغیرہ کا حکم اور آخری نبی کے بارے میں آنے کی خبر دیا کرتے تھے۔

اور جمعہ کو اسلئے جمعہ کہتے ہیں کہ اس میں اجتماع ہوتا ہے، یا اس لئے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے اعضاء کو جمع کر کے مکمل کر دیا گیا، یا اس لئے کہ اجزاء کو عدم سے نکال کر وجود میں جمع کیا گیا۔ (معارف مدنیہ ص:٦٦، ج:۳)

بعض کہتے ہیں کہ جمعہ اجتماع سے نکلا ہے جس سے مراد ہے حضرت آدم علیہ السلام کے قالب اور ان کی روح کا آپس میں جمع ہونا، یہ دونوں چالیس سال کی جدائی کے بعد آپس

میں جمع ہوئے تھے اس لئے اسکا نام جمعہ ہوا، بعض کہتے ہیں کہ حضرت آدم اور حضرت حواء کے جمع ہونے کے باعث اس دن کا نام جمعہ ہوا، اس دن حضرت حوا ءحضرت آدمؑ کی پسلی سے پیدا ہوئیں، بعض اسکا نام جمعہ اس لئے بتاتے ہیں کہ اس روز شہر اور دیہات کے لوگ اکٹھے ہوتے ہیں، اور بعض کا کہنا ہے کہ اس روز قیامت قائم ہوگی اور سب مخلوق اٹھائی جائیگی اس لئے اسے جمعہ کا دن کہا گیا۔ (غنیۃ الطالبین، ص۴٦۵) (از مسائل نماز جمعہ، ص:۲۷)

فضائل یوم جمعہ

جمعہ کے روز کے فضائل وخصائص احادیث میں بہت آئے ہیں۔ جن میں سے چند بیان کئے جاتے ہیں۔

(۱) یہ دن ہفتہ کے دنوں میں سب سے بہتر وافضل دن ہے۔ (۲) یہ دن مسلمانوں کیلئے عید (خوشی) کا دن ہے۔ (۳) اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ (۴) اسی دن آدم علیہ السلام کو جنت میں داخل کیا گیا اور اسی دن میں جنت سے نکلے اور زمین پر اُتارا گیا۔ (بہشت سے نکلنا اس لئے فضیلت ہوئی کہ انبیاء و اولیاء کی پیدائش اور بے شمار حسنات کا باعث ہوا) اور اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی اور اسی دن میں انہیں وفات ہوئی (جو باعث ہے لقاء الٰہی کا)۔ (۵) اسی دن قیامت قائم ہوگی (جو نیکوں اور متقیوں کے لئے دخولِ جنت و دیدار الٰہی کا موجب ہے)۔ (٦) جنت والوں کو دیدارِ الٰہی ہوا کرے گا۔ (۷) اس روز دوزخ گرم نہیں کی جاتی۔ (۷) اس روز مُردے عذابِ قبر سے محفوظ رہتے ہیں اور جو مسلمان مرد یا عورت اس دن یا اس کی رات میں مر جائے وہ عذابِ قبر وفتنۂ قبر سے بچا رہتا ہے اور اس کے لئے شہید کا اجر لکھا جاتا ہے۔ (۹) اس دن میں روحیں

اکٹھی ہوتی ہیں۔ (۱۰) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل وطہارت بقدر امکان کرے اس کے بعد اپنے بالوں میں تیل لگائے اور خوشبو کا استعمال کرے اس کے بعد نماز کے لئے چلے اور جب مسجد میں آئے کسی آدمی کو اس کی جگہ سے ہٹا کر نہ بیٹھے، پھر جس قدر نوافل اس کی قسمت میں ہوں پڑھے، پھر جب امام خطبہ پڑھنے لگے تو سکوت کرے (دوسری ایک حدیث سے ثابت ہے کہ جس وقت امام منبر پر آکر بیٹھ جائے اسی وقت سے نماز پڑھنا اور کلام کرنا ناجائز ہے) تو اس شخص کے گذشتہ جمعہ سے اس وقت تک کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ صحیح بخاری شریف کی ایک اور حدیث میں فرمایا کہ جو کوئی جمعہ کے دن خوب غسل کرے اور سویرے مسجد میں پیدل جائے سوار ہو کر نہ جائے، پھر خطبہ سنے اور اس درمیان میں کوئی لغو فعل نہ کرے تو اسکو ہر قدم کے عوض ایک سال کامل کی عبادت کا ثواب ملے گا، ایک سال کی نمازوں کا اور ایک سال کے روزوں کا۔ (ترمذی شریف) (۱۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جمعہ میں ایک ساعت ایسی ہے کہ مسلمان بندہ اگر اسے پالے اور اس وقت اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا سوال کرے تو وہ اسے دیگا۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ وہ وقت بہت تھوڑا ہے، اس وقت کی تعیین میں بہت سی روایتیں ہیں، ان میں قوی دو ہیں، ایک یہ کہ امام کے خطبہ کے لئے بیٹھنے سے ختم نماز تک اور دوسرا قول یہ ہے کہ وہ جمعہ کی پچھلی ساعت ہے۔ اسکو بعض نے عصر سے غروب تک کہا ہے۔ (۱۲) جمعہ کا دن جمعہ کی رات سے افضل ہے کیونکہ اس رات کی فضیلت جمعہ کی نماز کی وجہ سے ہے۔ (عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۳-۴۳۴، ج:۲)

جمعہ کے سُنن و آداب

ہر مسلمان کو چاہئے کہ جمعہ کا اہتمام پنجشنبہ (جمعرات) سے کرے۔ جمعرات کے دن عصر کے بعد استغفار وغیرہ زیادہ کرے اور پہننے کے کپڑے صاف کر کے رکھے اور اگر خوشبو گھر میں نہ ہو اور ممکن ہو تو اسی دن لا رکھے تاکہ پھر جمعہ کے دن ان کاموں میں مشغول نہ ہونا پڑے، بزرگانِ سلف نے فرمایا کہ سب سے زیادہ جمعہ کا فائدہ اسکو ملے گا جو اسکا منتظر رہتا ہو اور اسکا اہتمام جمعرات سے کرتا ہو۔ اور سب سے زیادہ بدنصیب وہ ہے جس کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ جمعہ کب ہے، حتی کہ صبح کو لوگوں سے پوچھے کہ آج کونسا دن ہے۔

☆ جمعہ کے دن غسل کرے، سر کے بالوں کو اور سر کو خوب صاف کرے، زیرِ ناف اور بغلوں کے بال صاف کرے، سر کے بال منڈائے یا ٹھیک کرائے، لبیں وغیرہ بنوائے، ناخن کتروائے۔

☆ مسواک کرے کہ اس دن مسواک کرنا بہت فضیلت رکھتا ہے۔

☆ بہتر یہ ہے کہ غسل کے وضو سے ہی جمعہ پڑھے کیونکہ بعض علماء کے نزدیک غسل نماز کی سنّت ہے، اس قول کے مطابق اگر غسل کے بعد بے وضو ہو گیا پھر وضو کر کے جمعہ کی نماز پڑھی تو سنت ادا نہ ہوگی، اور بعض علماء کے نزدیک یہ جمعہ کے دن کی سنت ہے، اس قول کے مطابق غسل کے بعد بے وضو ہو گیا اور وضو کر کے جمعہ پڑھا تب بھی سنتِ غسل ادا ہو جاتی ہے، اس میں وسعت زیادہ ہے۔

☆ جامع مسجد میں بہت سویرے جائے اور پہلی صف میں جگہ لینے کی ہمت کرے۔ جو شخص جتنا سویرے جائیگا اسی قدر اسکو زیادہ ثواب ملے گا۔

☆ پہلی صف میں جگہ تلاش کرے، اگر نہ پائے تو جتنا امام سے قریب ہوگا بہتر ہے، اس میں بڑی فضیلت ہے۔

☆ جمعہ کی نماز کے لئے پاپیادہ (پیدل) جائے، پیدل جانے میں ہر قدم پر ایک سال روزہ رکھنے اور راتوں کو قیام کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

☆ جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھنے میں بہت ثواب ہے، خواہ جمعہ کے دن میں نماز جمعہ سے پہلے پڑھے یا پیچھے اور خواہ جمعہ کی رات میں پڑھے، اور دونوں یعنی دن و رات کے اول میں پڑھنا افضل ہے تاکہ نیکی کی طرف سبقت ہو، احادیث میں جمعہ کے دن یا رات میں سورۂ دخان اور سورۂ یٰسین پڑھنے کی فضیلت بھی آئی ہے۔

☆ جمعہ کے دن درود شریف پڑھنے میں بھی اور دنوں سے زیادہ ثواب ملتا ہے، اسی لئے احادیث میں وارد ہوا ہے کہ جمعہ کے دن درود شریف کی کثرت کرو۔ (بہشتی زیور، ص:۷۷، ج:۱۱)

☆ جمعہ کے روز کثرت سے دعائیں مانگنا مستحب ہے۔

☆ جمعہ کے روز زیارتِ قبور کرنا مستحب ہے۔

☆ جمعہ کی نماز سے فارغ ہوکر الحمد، قل ھو اللّٰہ، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس سات سات بار پڑھے کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ان سورتوں کا پڑھنا اس جمعہ سے اگلے جمعہ تک شیطان سے پناہ دیگا۔

☆ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں سورۂ الٓمٓ سجدہ اور دوسری

رکعت میں هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ پڑھنا مستحب ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن ان کو فجر کی نماز میں پڑھتے تھے، البتہ کبھی کبھی دوسری سورتیں بھی پڑھے تاکہ ناواقف کو وجوب کا خیال نہ ہو۔ (ملخص از عمدۃ الفقہ، ص:۴۵۷۔۴۵۸، ج:۲ ومسائل نماز جمعہ، ص:۴۱۔۴۴)

آج کل ائمہ مساجد نے اس مستحب امر کو بالکل ہی ترک کر رکھا ہے، یہ غفلت ہے، اس کی اصلاح ضروری ہے۔ (احسن الفتاویٰ، ص:۸۱ ج:۴)

جمعہ کی نماز چھوڑنے پر وعید

جمعہ کی نماز چھوڑنے والوں پر سخت وعیدیں حدیثوں میں وارد ہوئی ہیں، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ان لوگوں کے بارے میں جو جمعہ سے پیچھے رہتے ہیں فرمایا: بیشک میں نے پکا ارادہ کیا کہ ایک شخص کو حکم کروں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے (یعنی اپنی جگہ امام کردوں) پھر خود ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں جو نماز جمعہ سے پیچھے رہ جاتے ہیں (یعنی بلا وجہ جمعہ چھوڑ دیتے ہیں) (صحیح مسلم شریف) ایک حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص تین جمعے سستی سے (یعنی بلا عذر) چھوڑ دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جس شخص نے پے در پے تین جمعے چھوڑ دیئے اس نے اسلام کو پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا۔ (ابویعلیٰ) (عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۴، ج:۲)

نمازِ جمعہ کا حکم

جمعہ کی نماز فرض عین ہے اور اس کی فرضیت کی تاکید ظہر کی نماز سے زیادہ ہے۔ یہ دلیل قطعی یعنی قرآنِ پاک کی آیت اور احادیث متواترہ اور اجماعِ امّت سے ثابت ہے، اس

لئے اس کا منکر کافر اور بلا عذر ترک کرنے والا فاسق ہے، نماز جمعہ نماز ظہر کا عوض و بدل نہیں ہے بلکہ فرض وقت ظہر ہی ہے لیکن جمعہ کے دن جمعہ پڑھنے سے ظہر اس کے ذمہ سے ساقط ہو جاتی ہے۔ (عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۵ ج:۲)

نمازِ جمعہ کے فرض ہونے کے شرائط

نماز جمعہ فرض ہونے کیلئے کچھ شرطیں ہیں جو کہ نمازی میں پائی جانی ضروری ہیں اور ان کے پائے جانے کے بغیر اس شخص پر جمعہ فرض نہیں ہوتا، لیکن اگر کوئی شخص اِن شرطوں کے نہ پائے جانے کے باوجود نماز جمعہ پڑھے تو اس کی نماز جمعہ ہو جائے گی اور ظہر کا فرض اس کے ذمہ سے اتر جائے گا، مثلاً کوئی مسافر نماز جمعہ پڑھے تو ادا ہو جائے گا۔ اور وہ شرائط یہ ہیں:

عاقل بالغ مسلمان ہونے کے ساتھ آزاد ہونا، یقیناً مرد ہونا، شہر میں مقیم ہونا، تندرست ہونا، چلنے پر قادر ہونا، بینا یعنی آنکھوں والا ہونا، جماعت ترک کرنے کے لئے جو عذر ہیں ان سے خالی ہونا۔

نمازِ جمعہ کے صحیح ہونے کے شرائط

نماز جمعہ کے صحیح (یعنی ادا) ہونے کی چند شرطیں ہیں۔ اگر ان میں سے ایک شرط بھی نہ پائی جائے تو جمعہ صحیح نہیں ہوگا یعنی ادا ہی نہ ہوگا، اور وہ یہ ہیں:

مصر اور فنائے مصر یعنی شہر اور اسکے توابع کا ہونا، بادشاہِ اسلام یا اسکا نائب یا اسکا مقرر کردہ امام یا یہ امام جس کو اپنا نائب بنائے اسکا ہونا، دار الاسلام ہونا، ظہر کا وقت ہونا، نماز سے پہلے بلا فصل خطبہ پڑھنا۔ (تلخیص از عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۷ تا ۴۴۵)

موجودہ زمانہ میں بادشاہ کی شرط کی جگہ مسجد کے نمازیوں کا اپنے امام پر اتفاق کر لینا

کافی ہے۔ (کفایت المفتی، ص:۲۱۰، ج:۳)

ہندوستان اگرچہ دار الحرب ہے (دار الامن ہے دار الاسلام نہیں ہے) پھر بھی یہاں جمعہ قائم کرنا فرض ہے کیونکہ جمعہ قائم کرنے کی کوئی قانونی ممانعت نہیں ہے۔ پس یہاں جمعہ ادا کرنا چاہئے، نہ کہ ظہر۔ کتبِ فقہ میں اسکی تصریح موجود ہے۔ (از مسائل نماز جمعہ بحوالہ کفایت المفتی، ص:۲۰۰، ج:۳) ہندوستان کے شہروں اور قصبوں اور بڑے گاؤں میں جمعہ صحیح ہے اور چھوٹے گاؤں میں درست نہیں ہے۔ (مسائل نماز جمعہ، ص: ٦٧ بحوالہ فتاوی دار العلوم بحوالہ رد المحتار، ص:۷۵۴، ج:۱)

عورت کے لئے نماز جمعہ

عورت کیلئے اپنے گھر میں ظہر پڑھنا افضل ہے اور جماعت میں شریک نہ ہونا چاہئے، اس کی نماز گھر میں افضل ہے، لیکن اگر عورت کا مکان مسجد کی دیوار سے بالکل متصل ہے اس طرح پر کہ گھر کے اندر امام مسجد کی اقتداء کا کوئی مانع نہیں پایا جاتا تو اس کے لئے بھی جمعہ افضل ہے۔

نابالغ نے جمعہ پڑھا تو وہ نفل ہو جائیں گے کیونکہ اس پر نماز فرض ہی نہیں ہے۔

کوئی مسافر یا عورت نماز جمعہ پڑھے تو اب ظہر اس کے ذمہ سے اتر گیا۔ بلکہ مردِ مکلف کے لئے جمعہ پڑھنا افضل ہے۔ (عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۷، ج:۲)

گاؤں میں نمازِ جمعہ

حامدًا ومصلیًا۔ حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا شرط ہے۔ بڑا گاؤں وہ ہے جس میں گلی کوچے ہوں، بازار ہو، روزمرہ کی ضروریات ملتی ہوں، تین

چار ہزار کی آبادی ہو، پھر ایسی بستی میں بہتر یہ ہے کہ جمعہ ایک ہی جگہ ہو۔ اگر ایک مسجد میں سب نمازی نہ آسکیں تو متعدد جگہ بھی درست ہے، اور جو بستی ایسی نہ ہو بلکہ (اس سے) چھوٹی ہو وہ چھوٹا گاؤں ہے، وہاں جمعہ درست نہیں۔ (فتاوی محمودیہ، ص:۳۰۱، ج:۱)

حنفیہ کے نزدیک جمعہ کے لئے شہر یا قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا ضروری ہے۔ بڑا گاؤں وہ ہے جو اپنی ضروریات روزمرہ، ڈاک خانہ، شفاخانہ، مدرسہ، بازار وغیرہ کے لحاظ سے قصبہ کے مثل ہو، اور تین چار ہزار کی آبادی ہو، جو گاؤں ایسا نہیں ہے وہاں جمعہ جائز نہیں بلکہ روزانہ کی طرح جمعہ کے روز بھی ظہر کی نماز پڑھی جائے، اگر ایسی جگہ جمعہ پڑھیں گے تو وہ نماز نفل ہوگی، نفل کو فرض اعتقاد کرنا اور نفل پڑھ کر یہ عقیدہ رکھنا کہ فرض ادا ہوگیا، نفل کے لئے اذان و اقامت، جماعت علی سبیل التداعی، نفل نماز میں زور سے قرأت، نفل کے لئے خطبہ وغیرہ شرعی مفاسد ہیں۔ فرض کا ذمے باقی رہ جانا مستقل مفسدہ عظیمہ ہے۔ (فتاوی محمودیہ، ص:۳۴۱، ج:۲ بحوالہ ھدایہ، ص:۱۴۸، ج:۱) (از مسائل نماز جمعہ، ص:۶۹-۷۰)

حنفیہ کو امام ابوحنیفہؒ کی تقلید کرنی چاہئے، اپنے امام کے مذہب کے موافق قریہ صغیرہ (چھوٹے گاؤں) میں جمعہ نہ پڑھنا چاہئے۔ ظہر باجماعت ادا کرنی چاہئے۔ (فتاوی دارالعلوم، ص:۱۶۵، ج:۵)

امام اعظم امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نماز جمعہ شہروں اور قصبات ہی میں ادا ہوسکتی ہے، اور ایسے بڑے گاؤں میں جو مثل قصبات کے ہوں ان میں بھی جائز ہے جیسا کہ علامہ شامی نے تصریح فرمائی ہے، اس کے علاوہ چھوٹے گاؤں میں ہرگز جمعہ جائز نہیں، اور کسی کا یہ کہنا بالکل صحیح نہیں ہے کہ (لوگ) اس بہانہ سے نماز پڑھ لیتے ہیں، مسلمان تو احکام شرعیہ

کے مامور ہیں، حدودِ مذہب کے اندر لوگوں کو نماز کے لئے جمع کرنا چاہئے۔

اگر وہ کسی ایسی صورت میں جمع ہوں جو شرعاً جائز نہ ہو تو ایسے اجتماع ہی سے کیا فائدہ ہے۔ جب نماز جمعہ چھوٹے گاؤں میں ادا نہیں ہوگی تو پھر ایسی نماز کے لئے اگر جمع ہو بھی گئے اور پڑھ بھی لی تو کیا فائدہ؟ اس لئے مسلمانوں کو تو فتوے پر عمل کرنا چاہئے۔ جس کی قسمت میں نماز اور عبادت لکھی ہے اور جس کو خدا کا خوف ہے وہ پھر بھی پڑھے گا، اور جو بدقسمت نہ پڑھے تو اسکا فکر کسی کے ذمہ نہیں، وہ اپنی قبر کا خود سامان کرے گا۔ (جواہر الفقہ، ص:۱۱۳، ج:۴ - از مسائل نماز جمعہ: ص:۷۸)

گاؤں والوں کو شہر میں جاکر جمعہ پڑھنا ضروری نہیں ہے چاہے شہر کتنا ہی نزدیک ہو، ہاں اگر بسہولت کوئی شخص جا سکے تو شہر میں جاکر جمعہ پڑھنا ثواب کا کام ہے اور اگر نہ جائیں تو کچھ گناہ نہیں ہے، چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مدینہ طیبہ کے قرب وجوار میں دیہات تھے، وہاں کے سب لوگ ہمیشہ مسجد نبوی میں جمعہ پڑھنے نہ آتے تھے بلکہ کبھی کوئی اور کبھی کوئی آتا، یعنی جس کو فرصت ہوئی اور دل چاہا وہ آجاتا تھا اور جسکو موقع نہ ملا وہ نہ آتا تھا، بس اب بھی یہی حکم ہے۔ (فتاوی دارالعلوم، ص:۹۶، ج:۵ بحوالہ عالمگیری مصری باب الجمعہ، ص:۱۳۶، ج:۱) از مسائل نماز جمعہ مولانا رفعت قاسمی صاحب، ص:۸۲)

عرف میں جس کو شہر یا قصبہ (بڑا گاؤں) کہتے ہوں اور وہ بڑا گاؤں قصبہ کے مشابہ ہو خواہ اسکو گاؤں ہی کہتے ہیں یعنی آبادی اور بازاروں وگلی کوچوں کے اعتبار سے قصبہ کی شان رکھتا ہو تو ایسی آبادی میں جمعہ جائز وصحیح ہے، جیسا کہ شامی میں قہستانی سے روایت ہے:
وَتَقَعُ فَرْضًا فِي الْقَصَبَاتِ وَالْقُرَى الْكَبِيْرَةِ الَّتِيْ فِيْهَا اَسْوَاقٌ (ترجمہ: اور

ایسے قصبوں اور بڑے گاؤں میں جن میں بازار ہوتے ہیں جمعہ فرض واقع ہوتا ہے۔)

جاننا چاہئے کہ ہمارے زمانے کی حکومتیں چار ہزار کی آبادی کو قصبہ کا درجہ دیتی ہیں اور عام طور پر ایسی جگہ دوسرے شرائط بھی میسر ہوتے ہیں، پس آبادی کے لحاظ سے چار ہزار یا اس کے لگ بھگ آبادی کا گاؤں بڑا گاؤں وقصبہ شمار کیا جانا چاہئے۔

اور جو گاؤں اس درجہ کا نہ ہو وہاں جمعہ پڑھنا درست نہیں، پس ایسے گاؤں میں جمعہ وعیدین پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، یعنی وہ نماز نفل ہوگی اور نفل جماعت سے پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور ان پر ظہر کا ادا کرنا فرض ہے۔

جس جگہ کا قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا متحقق ومسلم ہو تو وہاں جمعہ ضرور قائم کریں، اور جس گاؤں کے متعلق شبہ ہو اسکی پوری کیفیت لکھ کر فتویٰ لے لیا جائے پھر اس پر عمل کیا جائے، محض اپنی ناقص رائے سے فیصلہ کر کے عمل نہ کریں، ایسا نہ ہو فرضِ ظہر ذمہ سے ادا نہ ہو۔ (تلخیص از عمدۃ الفقہ، ص:۴۳۸_۴۳۹، ج:۲)

خطبہ

لفظ ''خطبہ'' خاء کے پیش سے مصدر ہے، اس کا اطلاق اس کلام پر ہوتا ہے جس سے کسی کے ساتھ ہم کلام ہو، اور عرفِ شرع میں اس کلام سے عبارت ہے جو ذکر، تشہد، درود اور وعظ ونصیحت پر مشتمل ہو۔

خطبہ نماز جمعہ میں شرط اور فرض ہے۔ (مسائل نماز جمعہ، ص:۱۷۹)

خطبہ کے فرائض

(۱) وقت، اور وہ زوال کے بعد اور نماز سے پہلے ہے، پس اگر زوال سے پہلے یا

نماز کے بعد خطبہ پڑھا تو جائز نہیں۔ (۲) لوگوں کے سامنے خطبہ کی نیت سے اللہ کا ذکر کرنا، اگر صرف الحمد للہ یا سبحان اللہ کہہ دے تو خطبہ کا فرض ادا ہونے کے لئے کافی ہے، صرف اتنے پر ہی اکتفاء کرنا مکروہ ہے، یہ امام صاحب کا قول ہے، یہ کراہت بعض کے نزدیک تحریمی ہے اور بعض کے نزدیک تنزیہی، اور یہ کافی ہونا اس وقت ہے جبکہ خطبہ کی نیت سے ہو۔ صاحبین کے نزدیک ذکر طویل ہونا ضروری ہے یعنی کم از کم تشہد کی مقدار (اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ سے عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تک) خطبہ ضرور پڑھا جائے، اس سے کم جائز نہیں۔ (۳) خطبہ ایسے لوگوں کے سامنے پڑھنا جن کے موجود ہونے سے جمعہ درست ہو جاتا ہے، یعنی مرد عاقل بالغ ہونا۔ (۴) شرط نمبر ۴ کی بنا پر خطبہ کا جہر کے ساتھ ہونا بھی شرط ہے، یعنی خطبہ اتنی آواز سے ہو کہ اگر کوئی امر مانع نہ ہو تو پاس والے سن سکیں، اور ایک روایت کے مطابق اگر امام اکیلا خطبہ پڑھ لے تو جائز ہے اور اس کی بنا پر جہر یعنی لوگوں کو سنانا فرض نہیں رہے گا بلکہ سنّت ہو جائے گا۔ (۵) خطبہ اور نماز کے درمیان زیادہ وقفہ نہ ہونا۔ (۶) خطبہ کا نماز سے پہلے ہونا۔

(عمدۃ الفقہ، ص:۴۴۵، ج:۲)

(۷) خطبہ عربی زبان میں ہو۔ (مسائل جمعہ بحوالۂ کتاب الفقہ)

خطبہ کی سنّتیں اور مستحبات

(۱) طہارت یعنی خطیب کا پاک ہونا پس محدث اور جنبی کا خطبہ پڑھنا مکروہ ہے اور اسکا لوٹانا مستحب ہے، لیکن اگر پھر غسل کر کے خطبہ نہ لوٹائے اور جمعہ پڑھا دے یا دوسرا پاک آدمی جمعہ پڑھائے تو جمعہ صحیح ہو جائے گا۔

(۲) سترِ عورت، اور یہ خطبہ کے لئے سنت ہے اگرچہ فی حد ذاتہ فرض ہے خواہ نماز

میں ہو یا نماز سے باہر اور خواہ تنہائی میں ہو، سوائے ضروریاتِ شرعیہ و بشریہ کے، اور یہی مطلب طہارت کا خطبہ کے لئے سنّت ہونے کا ہے، پس جنابت والا جنابت کی حالت میں مسجد میں داخل ہونے سے گنہگار ہوگا لیکن جنابت کی حالت میں خطبہ پڑھ لیا تو کراہت کے ساتھ صحیح ہو جائے گا۔

(۳) خطبہ شروع کرنے سے پہلے خطیب کا منبر پر بیٹھنا۔

(۴) خطیب کا منبر پر ہونا۔ سنّت یہ ہے کہ منبر محراب کی بائیں جانب ہو اور خطیب رسول اللہ ﷺ کی اقتداء کی نیت سے خطبہ پڑھے۔

(۵) اگر منبر نہ ہو تو عصا ہاتھ میں لینا۔ منبر پر بھی عصا ہاتھ میں لینا سنّت ہے لیکن غیر مؤکدہ ہے، اگر مؤکدہ سمجھ کر کرے گا تو مکروہ ہے۔

(۶) جب خطیب خطبہ پڑھنے کے لئے منبر پر بیٹھے تو اس کے سامنے دوبارہ اذان دینا، اس اذان کا خطیب کے سامنے ہونا سنّت ہے جیسا کہ اقامت کا، اور سامنے سے مراد یہ ہے کہ منبر یا امام کے بالکل سامنے ہو یا دائیں طرف یا بائیں طرف اس کے قریب ہو (سامنے سے مراد یہ نہیں کہ منبر سے متصل ہو یعنی صف اوّل میں ہو بلکہ ایک یا دو یا کچھ صفوں کے بعد ہو تب بھی مضائقہ نہیں) اکثر جگہ دیکھا گیا ہے کہ اذانِ ثانی پست آوز سے کہتے ہیں، یہ نہ چاہئے بلکہ اسے بھی بلند آواز سے کہے کہ اس سے بھی اعلان مقصود ہے۔

(۷) کھڑے ہو کر خطبہ پڑھنا۔ اگر بیٹھ کر یا لیٹ کر خطبہ پڑھے خواہ دونوں خطبوں میں یا ایک میں ہو، اگر عذر کی وجہ سے ہے تو بلا کراہت جائز ہے ورنہ کراہت کے ساتھ جائز ہے۔

(۸) قوم (سامعین) کی طرف منہ کرنا اور قبلہ کی طرف پیٹھ کرنا، اس کے خلاف مکروہ ہے۔

(۹) خطبہ شروع کرنے سے پہلے اپنے دل میں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ لینا۔

(۱۰) اتنی آواز سے پڑھنا کہ پاس والے سن سکیں فرض ہے، اور مناسب درجہ تک بلند آواز سے پڑھنا دونوں خطبوں میں سنّت ہے، لیکن دوسرے خطبہ میں پہلے خطبہ کی نسبت آواز کم بلند ہو (یعنی پست ہو)۔

(۱۱) دو خطبے پڑھنا (یعنی محض خطبہ پڑھنا شرط ہے اور خطبے دو ہونا سنّت ہے۔)

(۱۲) دونوں خطبے عربی زبان میں پڑھنا۔

(۱۳) خطبہ الحمد للہ سے شروع کرنا۔ (۱۴) اللہ تعالیٰ کی ثنا و تعریف کرنا جو اس کے لائق ہے۔ (۱۵) شہادتین پڑھنا۔ (۱۶) درود شریف پڑھنا۔ (۱۷) وعظ و نصیحت کا ذکر کرنا۔

(۱۸) کچھ قرآن پاک پڑھنا، اور اسکا چھوڑنا بری بات ہے اور خطبہ میں قرآن پاک پڑھنے کی مقدار کم از کم ایک بڑی آیت ہے۔ اور یہ دونوں خطبوں کے لئے الگ الگ سنّت ہے۔

(۱۹) دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا۔ مختار یہ ہے کہ اپنے بیٹھنے کی جگہ میں اطمینان سے بیٹھ جائے اور اس کے سب اعضاء اپنے مقام پر ٹھہر جائیں، اس سے اور زیادہ نہ کرے۔

(۲۰) دوسرے خطبہ میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور درودشریف اور شہادتین کا اعادہ کرنا

(۲۱) دوسرے خطبہ میں بجائے وعظ ونصیحت کے مسلمان مردوں اورعورتوں کے لئے دعا کرنا۔

(۲۲) خطبہ کوزیادہ لمبا نہ کرنا (یعنی طوال مفصل میں سے کسی سورۃ کے برابر رہے)

(۲۳) دوسرے خطبہ میں نبی ﷺ کے آل و اصحاب و ازواج مطہرات خصوصاً خلفائے راشدین اورحضور ﷺ کے دونوں چچا حضرت حمزہ اورحضرت عباس رضی اللہ عنہم کا ذکراوران کے لئے دعا کرنا مستحسن ومستحب ہے۔

(۲۴) جس طرح نماز میں تشہد (التحیات) کے وقت دوزانو بیٹھتے ہیں خطبہ میں بھی اسی طرح بیٹھنا مستحب ہے۔ چارزانو (چوکڑی مارکر) یادو گھٹنے کھڑے کر کے بیٹھنا بھی جائز ہے

(۲۵) خطبہ ختم ہوتے ہی فوراً اقامت کہہ کرنماز شروع کر دینا۔ (عمدۃ الفقہ، ج:۲، ص:۴۴۷۔۴۴۸)

خطبہ کے بعض ممنوعات و مکروہات

صحیح تر یہ ہے کہ خطبہ دورکعت کے قائم مقام نہیں ہوتا اورحقیقت اورعمل میں نماز نہیں ہے، اسلئے نماز کی تمام شرطیں اس میں لازم نہیں آتیں، اور جو اثر میں وارد ہے کہ خطبہ نصف نماز کی طرح ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ثواب میں دورکعت یعنی نصف نمازظہر کے برابر ہے۔

(۱) جوچیزیں نماز کی حالت میں حرام وممنوع ہیں وہ خطبہ میں بھی حرام وممنوع ہیں،

پس جب امام خطبہ پڑھتا ہوتو کھانا پینا، کلام کرنا، سلام و چھینک کا جواب دینا، امر بالمعروف و نھی عن المنکر زبان سے کرنا، یہ سب منع وحرام ہیں، لیکن اگر زبان سے کلام کئے بغیر ہاتھ یا سر یا آنکھوں سے اشارہ کر دیا تو صحیح یہ ہے کہ اس میں کچھ مضائقہ نہیں، کسی شخص کو تکلیف سے بچانے کے لئے بولنا اورخبر دینا جائز بلکہ ضروری ہے۔

(۲) نبی کریم ﷺ کا اسمِ گرامی خطبہ میں آئے تو سامعین کوزبان سے درودشریف پڑھنا مکروہ ہے، البتہ اپنے دل میں پڑھ لینا جائز ہے بلکہ بہتر ہے، اسی طرح چھینک کے وقت دل سے الحمد للہ کہہ لے۔

(۳) خطبہ کے وقت سلام کرنے والا گنہگار ہوتا ہے اورسلام و چھینک کا جواب زبان اوردل سے بھی نہ دے۔

(۴) خطبہ کے وقت ہرقسم کی نماز وسجدہ منع ہے، سوائے اس شخص کے جس کے ذمہ کوئی قضا نماز ہو اور وہ صاحب ترتیب ہوتو اس کے لئے اس قضا نماز کا پڑھنا واجب ہے۔ اوراگرکسی نے خطبہ شروع ہونے سے پہلے ہی سنت مؤکدہ قبل جمعہ شروع کی ہوئی ہے اورامام نے خطبہ شروع کردیا تو راجح یہ ہے کہ وہ اس کو پوری کرلے۔

(۵) قوم پر اول سے اخیر تک خطبہ سننا واجب ہے۔

(۶) فقہ کی کتابوں پرنظر کرنا اوران کو سمجھنا اورلکھنا بعض کے نزدیک جائز ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ بھی مکروہ ومنع ہے اوراس میں احتیاط زیادہ ہے اوراسی پرفتویٰ ہے۔

(۷) جب خطیب خطبہ میں مسلمانوں کے لئے دعا کرے تو سامعین کو ہاتھ اٹھانا یا زبان سے بول کر آمین کہنا جائز نہیں ہے، اور اگر ایسا کریں گے تو گنہگار ہوں گے، یہی صحیح

ہے اور اسی پر فتوی ہے، بغیر ہاتھ اٹھائے دل میں مانگ سکتے ہیں یا آمین کہہ سکتے ہیں۔

(۸) جب خطیب خطبہ کے لئے منبر پر کھڑا ہو تو لوگوں کو سلام نہ کرے، یہی راجح و احوط ہے۔

(۹) بہتر ہے کہ امام خطبہ سے پہلے اگر کوئی خلوت خانہ بنا ہوا ہو اس میں ورنہ مسجد میں داہنی طرف بیٹھے اور خطبے سے قبل خطیب کو محراب کے اندر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

(۱۰) خطبہ کی جو سنتیں ہیں ان کے خلاف کرنا مکروہ ہے۔

(۱۱) جمعہ کی پہلی اذان ہوتے ہی خطبہ اور جمعہ کے لئے سعی واجب ہے، یعنی خرید و فروخت اور جو کام سعی کے منافی ہیں ان کو چھوڑ دینا اور جمعہ کے واسطے چلنا واجب ہے، پس اگر خرید و فروخت یا کسی اور کام میں مشغول ہوگا اور سعی کو ترک کریگا تو یہ مکروہِ تحریمی ہے۔

(۱۲) عربی کے ساتھ کسی اور زبان کے اشعار وغیرہ ملانا خلاف سنتِ متوارثہ اور مکروہِ تحریمی ہے، اور اگر کبھی کبھی ہو تب بھی مکروہِ تنزیہی تو ہے۔

(۱۳) اگر تمام خطبہ غیر عربی زبان میں ہوگا تو فسادِ نماز کے حکم کی گنجائش ہے کیونکہ ایسا خطبہ بقولِ راجح خطبہ ہی نہیں اور خطبہ نمازِ جمعہ کے لئے شرط ہے، پس جب شرط مفقود ہوگئی تو مشروط کا عدم وقوع لازم آئے گا، خوب سمجھ لینا چاہئے۔

خطبہ کتاب میں دیکھ کر پڑھنا بلا کراہت جائز ہے اور بغیر کتاب کے (زبانی) پڑھنا مندوب و مستحب ہے۔ ہر جمعہ میں ایک ہی خطبہ پڑھنا جائز ہے۔

(۱۴) خطبہ اور اقامت کے درمیان کسی دنیوی امر کا فاصلہ مکروہ ہے۔ (تلخیص از عمدۃ الفقہ، ص:۴۴۹ تا ۴۵۲، ج:۲)

خطبۂ جمعہ عربی زبان میں

رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ جمعہ کا خطبہ عربی زبان ہی میں پڑھا، حالانکہ تاریخ شاہد ہے کہ روم و فارس اور مختلف بلادِ عجم کے لوگ آنحضرت ﷺ کی مجلس خطبہ میں شریک ہوتے تھے۔

حضور ﷺ کے بعد صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ایک سیل رواں کی صورت میں بلادِ عجم میں داخل ہوئے اور دنیا کا کوئی گوشہ نہ چھوڑا جہاں اسلام کا کلمہ نہیں پہنچا دیا، اور شعائرِ اسلام، نماز جمعہ وغیرہ قائم نہیں کر دیئے، ان حضرات کے خطبے تاریخ کی کتابوں میں آج بھی بالفاظہا مذکور و مدون ہیں، ان میں سے کسی ایک نے بھی کبھی بلادِ عجم میں اپنے مخاطبین کی زبان میں خطبہ نہیں دیا، حالانکہ وہ ابتداءِ فتح و اسلامی تعلیمات کی اشاعت کا بالکل ابتدائی زمانہ تھا جبکہ تمام لوگ تبلیغ احکام کے آج سے کہیں زیادہ محتاج تھے، کیونکہ اس زمانہ میں نہ اخبارات و رسائل تھے نہ مطابع اور چھاپے خانے تھے نشر و اشاعت کا طریقہ وعظ اور خطبہ ہی تھا، اس کے باوجود سامعین کی زبان میں ایک بار بھی خطبہ نہیں پڑھا گیا، جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خطبہ خالص عربی زبان میں ہونا ضروری ہے کیونکہ مشرق سے مغرب تک سب مسلمان ہمیشہ عربی میں خطبہ پڑھتے رہے، جبکہ سننے والے عجمی یعنی غیر عرب تھے جو زبان عربی نہیں جانتے تھے۔ (مصفّٰی شرح موطا، ص:۱۵۴، ج:۱) (از مسائل نماز جمعہ، ص:۲۱۳۔۲۱۵)

ایسا نہیں تھا کہ صحابۂ کرامؓ عجمی زبان سے واقف نہ تھے، بلکہ بہت سے صحابہ کا عجمی زبانوں، فارسی یا رومی یا حبشی وغیرہ سے واقف ہونا بلکہ بخوبی تقریر کرسکنا ان کی سوانح اور تذکروں میں بصراحت مذکور ہے۔ (مسائل نماز جمعہ، ص:۲۱۶)

التَّوبَةُ (١)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلیٰ الذَّاتِ عَظِیْمِ الصِّفَاتِ، جَلِیْلِ الْقَدْرِ، رَفِیْعِ الذِّکْرِ جَلِیِّ الْبُرْهَانِ، فَاطِرِ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ، لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَالْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُo اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، الَّذِیْ کَانَ یَسْتَغْفِرُاللّٰهَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِّاَةَ مَرَّةٍo صَلَّی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَیْهِ وَعَلیٰ آلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِیْنَ سَارَعُوْا اِلیٰ مَغْفِرَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ، فَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَاَرْضَاهُمْ۔

اَیُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ! قَدْجَاءَفِی الْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ یَدَهٗ بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ النَّهَارِ، وَیَبْسُطُ یَدَهٗ بِالنَّهَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا۔ رَوَاہ مسلمٌ

فَاَکْثِرُوْاعِبَادَاللّٰهِ مِنَ التَّوْبَةِوَالْاِسْتِغْفَارِ،فَقَدْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یُکْثِرُمِنَ التَّوْبَةِوَالْاِسْتِغْفَارِ، قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَارَاَیْتُ اَکْثَرَ اسْتِغْفَارًا مِّنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، یَقُوْلُ (بِاَبِیْ هُوَ

وَاُمِّیْ) صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِ (وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ اَکْثَرَ مِنْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً) اَخْرَجَهُ الْبُخَارِیُّ، وَعَنِ الْاَغَرِّ بْنِ یَسَارٍ الْمُزَنِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: (یٰاَیُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَی اللّٰهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ فَاِنِّیْ اَتُوْبُ فِی الْیَوْمِ مِأَةَ مَرَّةٍ) اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ۔

اَیُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ! تُوْبُوْا اِلَی اللّٰهِ مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْجَرَائِمِ عَلَی الْفَوْرِo وَتُوْبُوْامِنَ الْمَعَاصِیْ وَلَوْ تَکَرَّرَتْo فَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ، سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ: اِنَّ عَبْدًا أَصَابَ ذَنْبًا فَقَالَ: رَبِّ، اَذْنَبْتُ ذَنْبًا فَاغْفِرْلِیْ، فَقَالَ رَبُّهٗ أَعَلِمَ عَبْدِیْ أَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ وَیَأْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْo ثُمَّ مَکَثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَقَالَ: رَبِّ، أَذْنَبْتُ آخَرَ فَاغْفِرْهُ، فَقَالَ: أَعَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُالذَّنْبَ وَیَأْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْo ثُمَّ مَکَثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَقَالَ: رَبِّ أَذْنَبْتُ آخَرَ فَاغْفِرْهُ لِیْ، فَقَالَ أَعَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُالذَّنْبَ وَیَأْخُذُبِهٖ؟ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ فَلْیَفْعَلْ

مَا شَاءَ) مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

"وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ ؓ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (مَامِنْ عَبْدٍيُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَتَوَضَّأُ ثُمَّ يُصَلِّیْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُاللّٰهَ لِذٰلِكَ الذَّنْبِ اِلَّاغَفَرَاللّٰهُ لَهٗ)اَخْرَجَهٗ اَحْمَدُواَبُوْدَاؤُدَوَالتِّرْمِذِیُّ

اَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ ! تُوْبُوْا مِنْ قَرِيْبٍ وَبَادِرُوْا مَا دُمْتُمْ فِیْ زَمَنِ الْاِنْظَارِ، وَسَارِعُوْا قَبْلَ اَنْ لَّا تُقَالَ الْعِثَارُ، فَالْعُمْرُ مُنْهَدِمٌ وَالدَّهْرُ مُنْصَرِمٌ، وَكُلُّ حَيٍّ غَايَتُهُ الْمَوْتُ وَكُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ، وَمَنْ حَضَرَهُ الْمَوْتُ وَفِیْ حَالِ السَّكَرَاتِ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ تَوْبَةٌ وَّلَمْ تَنْفَعْهُ اَوْبَةٌ۔

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰى اِذَاحَضَرَاَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْئٰنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ،اُولٰئِكَ اَعْتَدْنَالَهُمْ عَذَابًااَلِيْمًاo (النساء ۱۸)

نَفَعَنِی اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ بِهَدْیِ كِتَابِهِ الْكَرِيْمِ وَبِسُنَّةِ نَبِيِّهِ الْعَظِيْمِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِیْ وَلَكُمْ وَلِسَائِرِالْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَغْفِرُوْهُ،اِنَّهٗ هُوَالْغَفُوْرُالرَّحِيْمُ o

التَّوبةُ (۲)

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ غَافِرِالذَّنْبِ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِالْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِo لَااِلٰهَ اِلَّاهُوَ الْعَزِيْزُالْحَكِيْمِo

اَشْهَدُاَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَايَغْفِرُالذُّنُوْبَ اِلَّاهُوo وَاَشْهَدُاَنَّ سَيِّدَنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدًاعَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ الَّذِیْ غَفَرَاللّٰهُ لَهٗ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَo صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِ الَّذِيْنَ تَابُوْاعَنِ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ وَالْعِصْيَانِo

اَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ ! اَلْمُؤْمِنُ لَيْسَ مَعْصُوْمًا مِّنَ الْخَطِيْئَةِ، وَلَيْسَ فِیْ مَعْزَلٍ عَنِ الْوُقُوْعِ فِی الذَّنْبِo فَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْلَمْ تُذْنِبُوْا لَذَهَبَ اللّٰهُ بِكُمْ، وَلَجَاءَ بِقَوْمٍ يُذْنِبُوْنَ فَيَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ فَيَغْفِرُلَهُمْ) اَخْرَجَهٗ مُسْلِمٌ، وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ "(كُلُّ بَنِیْ

آدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُالْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ،
فَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ،
وَاَمَّا رُكْنُ التَّوْبَةِالْاَعْظَمُ وَشَرْطُهَاالْمُقَدَّمُ، فَهُوَ الْاِقْلَاعُ
عَنِ الْمَعْصِيَةِوَالنُّزُوْعُ عَنِ الْخَطِيْئَةِ، وَلَا تَوْبَةَ اِلَّا بِفِعْلِ
الْمَأْمُوْرِ وَاجْتِنَابِ الْمَحْظُوْرِوَالتَّخَلُّصِ مِنَ الْمَظَالِمِ
وَاِبْرَاءِ الذِّمَّةِ مِنْ حُقُوْقِ الْآخَرِيْنَ، وَالتَّوْبَةُ خُضُوْعٌ
وَانْكِسَارٌ وَتَذَلُّلٌ وَاسْتِغْفَارٌ وَاسْتِقَالَةٌ وَاعْتِذَارٌ وَابْتِعَادٌ
عَنْ دَوَاعِي الْمَعْصِيَةِ، بَابُهَا مَفْتُوْحٌ مَالَمْ تُغَرْغِرِ الرُّوْحُ۔

فَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (لَوْ
اَخْطَأْتُمْ حَتّٰى تَبْلُغَ خَطَايَاكُمُ السَّمَاءَ ثُمَّ تُبْتُمْ لَتَابَ اللّٰهُ
عَلَيْكُمْ) اَخْرَجَهُ ابْنُ مَاجَةَ، وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَاعِبَادِيْ اِنَّكُمْ
تُخْطِئُوْنَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَأَنَا اَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا
فَاسْتَغْفِرُوْنِيْ اَغْفِرْلَكُمْ) اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ،(قَالَ
اللّٰهُ تَعَالٰى: يَاابْنَ آدَمَ!اِنَّكَ مَادَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ
لَكَ عَلٰى مَاكَانَ فِيْكَ وَلَا اُبَالِيْ، يَاابْنَ آدَمَ! لَوْبَلَغَتْ
ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ وَلَا
اُبَالِيْ، يَاابْنَ آدَمَ! اِنَّكَ لَوْاَتَيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ
خَطَايَاثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَأَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا
مَغْفِرَةً) اَخْرَجَهُ التِّرْمِذِيُّ، وَعِنْدَ مُسْلِمٍ (مَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ شِبْرًا
تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا، وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ
بَاعًا،وَمَنْ أَتَانِيْ يَمْشِيْ أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً وَمَنْ لَقِيَنِيْ بِقُرَابِ
الْاَرْضِ خَطِيْئَةً لَايُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَقِيْتُهُ بِمِثْلِهَامَغْفِرَةً۔)

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْءً اَوْيَظْلِمْ نَفْسَهٗ
ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِاللّٰهَ غَفُوْرًارَّحِيْمًا) النساء ۱۱۰

بَارَكَ اللّٰهُ لَنَاوَلَكُمْ وَاسْتَغْفِرُاللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ
فَاسْتَغْفِرُوْهُ، اِنَّهُ هُوَالْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فِیْ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ الْکَرِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ وَعَلَّمَہُ الْبَیَانَ وَاَنْزَلَ لَہُ الْقُرْآنَ وَجَعَلَہٗ مَوْعِظَۃً وَّشِفَاءً وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً لِّذَوِی الْاِیْمَانِ، لَارَیْبَ فِیْہِ، وَلَمْ یَجْعَلْ لَہٗ عِوَجًا وَّاَنْزَلَہٗ قَیِّمًا وَّحُجَّۃً وَّنُوْرًا لِّذَوِی الْاِیْقَانِ○ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ الْاَتَمَّانِ الْاَکْمَلَانِ عَلٰی خَیْرِ الْخَلَائِقِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ، الَّذِیْ نَوَّرَ الْقُلُوْبَ وَالْقُبُوْرَ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الَّذِیْنَ ھُمْ نُجُوْمُ الْھِدَایَۃِ وَنَاشِرُوا الْفُرْقَانِ وَعَلٰی مَنْ تَبِعَھُمْ بِالْاِیْمَانِ○

اَیُّھَا النَّاسُ! اُشْکُرُوا اللّٰہَ عَلٰی نِعْمَۃِ الْاِیْمَانِ وَاشْکُرُوْہُ عَلٰی نِعْمَۃِ الْقُرْاٰنِ الَّذِیْ نَزَّلَہٗ حَکِیْمٌ حَمِیْدٌ عَلٰی قَلْبِ مَنْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ، بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ، ھُدًی لِّلنَّاسِ

وَشِفَاءً وَّرَحْمَۃً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ○ وَقَدْ جَاءَ فَضَائِلُ کَثِیْرَۃٌ فِیْ تَعْلِیْمِ وَتَعَلُّمِ وَتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ الْکَرِیْمِ○ مِنْھَا عَنْ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم "خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ" (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم "فَضْلُ کَلَامِ اللّٰہِ عَلٰی سَائِرِ الْکَلَامِ کَفَضْلِ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ" (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)، وَعَنْ عَائِشَۃَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم "اَلْمَاھِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَۃِ الْکِرَامِ الْبَرَرَۃِ، وَالَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَیَتَتَعْتَعُ فِیْہِ وَھُوَ عَلَیْہِ شَاقٌّ لَہٗ اَجْرَانِ" (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ).

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم "لَا حَسَدَ اِلَّا عَلَی اثْنَیْنِ رَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ الْقُرْاٰنَ فَھُوَ یَقُوْمُ بِہٖ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّھَارِ، وَرَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ مَالًا فَھُوَ یُنْفِقُ مِنْہُ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّھَارِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم "يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اِقْرَأْوَارْتَقِ وَرَتِّلْ كَمَاكُنْتَ تُرَتِّلُ فِيْ الدُّنْيَافَاِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍتَقْرَأُهَا"۔(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَاَحْمَدُ)

وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم "مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ، وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا،لَا اَقُوْلُ الٓمّٓ حَرْفٌ،اَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِيْمٌ حَرْفٌ"۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَاحَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبُ الْاِسْنَادِ)

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۝ اِنَّ هٰذَاالْقُرْآنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُالْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًاكَبِيْرًا۝ (بنی اسرائیل ۹)

نَفَعَنِيَ اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ بِهَدْيِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ وَبِسُنَّةِ نَبِيِّهِ الْعَظِيْمِ، اَقُوْلُ قَوْلِيْ هٰذَاوَاَسْتَغْفِرُاللّٰهَ الْعَظِيْمَ الْجَلِيْلَ لِيْ وَلَكُمْ وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرُوْهُ، اِنَّهٗ هُوَالْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

اِعْجَازُ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنَارَ قُلُوْبَ عِبَادِهِ الْمُتَّقِيْنَ بِنُوْرِ كِتَابِهِ الْمُبِيْنِ،وَجَعَلَ الْقُرْآنَ شِفَاءً لِّمَافِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ،وَالصَّلٰوةُوَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ الْاَنْبِيَاءِ وَاَشْرَفِ الْمُرْسَلِيْنَ، سَيِّدِنَامُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ الْاَمِيْنِ، الَّذِيْ فَتَحَ اللّٰهُ بِهٖ اَعْيُنًا عُمْيًا، وَآذَانًا صُمًّا، وَقُلُوْبًا غُلْفًا، وَاَخْرَجَ بِهِ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ،صَلَاةًوَّسَلَامًادَائِمَيْنِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ، وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَطْهَارِ، وَاَصْحَابِهِ الْهَادِيْنَ الْاَبْرَارِ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الْقَرَارِ،

اَمَّا بَعْدُ، فَيَاَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ! لَايَزَالُ الْقُرْآنُ الْكَرِيْمُ بَحْرًا زَاخِرًا بِاَنْوَاعِ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَارِفِ، يَحْتَاجُ مَنْ يَّرْغَبُ فِي الْحُصُوْلِ عَلٰى لَآلِيْهِ وَدُرَرِهٖ اَنْ يَّغُوْصَ فِيْ اَعْمَاقِهٖ، وَلَايَزَالُ الْقُرْآنُ يَتَحَدّٰى اَسَاطِيْنَ الْبُلَغَاءِ

وَمَصَاقِيْعَ الْعُلَمَاءِ، بِاَنَّهٗ الْكِتَابُ الْمُعْجِزُ، الْمُنَزَّلُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ شَاهِدًا بِصِدْقِهٖ، يَحْمِلُ بَيْنَ دَفَّتَيْهِ بُرْهَانَ كَمَالِهٖ، وَآيَةَ اِعْجَازِهٖ، وَدَلِيْلَ اَنَّهٗ تَنْزِيْلُ الْحَكِيْمِ الْعَلِيْمِ قَالَ تَعَالٰى "وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ o عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ o بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ o" (الشعراء ۱۹۲ الی ۱۹۵)

وَعَلٰى كَثْرَةِ مَا كَتَبَ الْعُلَمَاءُ وَاَلَّفُوْا، وَعَلٰى كَثْرَةِ مَا تَحْوِيْهِ الْمَكْتَبَةُ الْاِسْلَامِيَّةُ مِنْ اَسْفَارٍ ضَخْمَةٍ، وَكُتُبٍ نَفِيْسَةٍ، خَدَمَ بِهَا الْعُلَمَاءُ كِتَابَ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ يَبْقَى الْقُرْآنُ ذَاخِرًا بِالْعَجَائِبِ، مَمْلُوْاً بِالدُّرَرِ وَالْجَوَاهِرِ، يُطَالِعُنَا بَيْنَ حِيْنٍ وَآخَرَ بِمَا يَبْهَرُ الْعُقُوْلَ وَيُحَيِّرُ الْاَلْبَابَ، بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاِشْرَاقَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ، وَالْفُيُوْضَاتِ الْقُدْسِيَّةِ، وَالنَّفَحَاتِ النُّوْرَانِيَّةِ، بِمَا هُوَ كَفِيْلٌ لِتَخْلِيْصِ الْاِنْسَانِيَّةِ مِنْ شَقَاءِ الْحَيَاةِ وَجَحِيْمِهَا الْمُسْتَعِرِ، وَكُلُّ عِلْمٍ شَاطَ

